Ontario

**وزارت محنت، تربیت و ہنر کا فروغ**(Ministry of Labour, Training and Skills Development)

# عارضی امدادی ایجنسی کے تفویض والے ملازمین کے لیے روزگار کے معیارات کے حقوق

**اعلان دستبرداری:** یہ وسیلہ ملازمت کے معیارات سے متعلق قانون2000 (ای ایس اے) (Employment Standards Act, 2000) (ESA) اور ضوابط کے تحت مقرر کردہ بعض کم از کم حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے میں ملازمین اور آجرین کی مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اس کا مقصد ای ایس اے (ESA) یا ضوابط کی جگہ لینا نہیں ہے اور حوالہ ہمیشہ قانون کے باضابطہ ورژن کا ہی دیا جانا چاہیے۔ یوں تو ہم یہ یقینی بنانے کی پوری کوشش کرتے ہیں کہ اس وسیلہ کی معلومات ممکنہ حد تک تازہ ترین اور بالکل درست ہوں، مگر بسا اوقات غلطیاں ہو ہی جاتی ہیں۔ ای ایس اے (ESA) صرف کم از کم معیارات فراہم کرتا ہے۔ بعض ملازمین کو ملازمتی معاہدے، اجتماعی معاہدے، عمومی قانون یا دیگر قانون کے تحت وسیع تر حقوق حاصل ہو سکتے ہیں۔

ملازمتی معیارات سے متعلق ایکٹ، 2000 (ای ایس اے) (Employment Standards Act, 2000 (ESA))اونٹاریو میں زیادہ تر کام کی جگہوں کے لیے کم از کم معیارات طے کرتا ہے، جیسے کم سے کم اجرت اور کام کے اوقات پر حدبندی۔ عارضی امدادی ایجنسیوں کے اسائنمنٹ والے ملازمین سمیت کچھ ملازمین پر خصوصی اصول اور استثنآت لاگو ہوتے ہیں۔ یہ پرچۂ معلومات اسائنمنٹ والے ملازم کے طور پر آپ کے حقوق کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیےOntario.ca/ESAguideملاحظہ کریں اور **عارضی امدادی ایجنسیاں** منتخب کریں۔

اس پرچۂ معلومات کے علاوہ، عارضی امدادی ایجنسی کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو ملازمت شروع کرنے کے 30 دن کے اندر اندر ملازمت کے معیارات کا پوسٹر بھی فراہم کرے۔ اگر آپ کی پہلی زبان انگریزی نہیں ہے اور اگر آپ اس کا مطالبہ کرتے ہیں اور یہ وزارت محنت، تربیت و ہنر کے فروغ کی جانب سے دستیاب ہے تو آپ کے آجر کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو پوسٹر آپ کی پہلی زبان میں فراہم کرے۔ پوسٹر Ontario.ca/ESAposter پر ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔

## کیا آپ اسائنمنٹ ملازم ہیں؟

آپ کسی عارضی امدادی ایجنسی کے اسائنمنٹ ملازم ہوتے ہیں اگر آپ اور عارضی امدادی ایجنسی اس بات پر اتفاق کرتے ہیں کہ یہ عارضی کام کے اسائنمنٹس تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرے گی۔

**آپ کی عارضی امدادی ایجنسی تب بھی آپ کی آجر ہوتی ہے جب ان کے کسی کلائنٹ کے کاروباری ادارے کے واسطے کام کرنے کے لیے آپ کو تفویض نہیں کیا جاتا ہے۔**

## آپ کی عارضی امدادی ایجنسی کو آپ کو معلومات فراہم کرنی ہوگی

آپ کی عارضی امدادی ایجنسی کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو اپنا قانونی نام، عارضی امدادی ایجنسی کے ذریعہ استعمال کردہ کوئی دیگر نام اور رابطے کی معلومات آپ کو ملازمت دیئے جانے کے بعد جلد از جلد تحریری طور پر بتائے۔

Ontario

جب آپ کی عارضی امدادی ایجنسی آپ کو کسی کلائنٹ کے کاروبار سے متعلق اسائنمنٹ فراہم کرتی ہے، تو ایجنسی کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو جلد از جلد تحریری طور پر مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرے:

- کلائنٹ کے کاروبار کا قانونی نام، کلائنٹ کے کاروبار کے ذریعہ استعمال کردہ کوئی دیگر نام اور رابطے کی معلومات
- آپ کی اجرت کی شرح اور فوائد
- آپ کے کام کے گھنٹے
- آپ جو کام کریں گے اس کی تفصیل
- اسائنمنٹ کی میعاد (مدت) (اگر معلوم ہو)
- آپ کی ادائیگی کی مدت اور ادائیگی کا دن

## آپ کی عارضی امدادی ایجنسی آپ سے کچھ خاص فیس نہیں لے سکتی ہے

آپ کی عارضی امدادی ایجنسی آپ سے مندرجہ ذیل کی فیس نہیں لے سکتی ہے:

- اس کا ملازم ہونا
- کوئی اسائنمنٹ تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرنا
- ریزیومے لکھنے، انٹرویو کی تیاری کرنے کے طریقے کے بارے میں آپ کو معلومات یا مشورہ دینا، اگرچہ آپ نے مدد طلب کی ہو

## کلائنٹ کے کاروباری ادارے آپ کو نوکری کا حوالہ دے سکتے ہیں یا آپ کو ملازمت دے سکتے ہیں

آپ کی عارضی امدادی ایجنسی یہ نہیں کر سکتی ہے:

- کسی کلائنٹ کے کاروبار کو آپ کو ملازمت کا حوالہ دینے سے روکنا
- کسی کلائنٹ کے کاروبار کو آپ کو براہ راست ملازمت دینے سے روکنا
- آپ سے فیس وصول کرنا اگر کسی کلائنٹ کا کاروبار آپ کو ملازمت دینا چاہتا ہے

## آپ کی عارضی امدادی ایجنسی اور کلائنٹ کے کاروبار دونوں کو ریکارڈ رکھنا ہوگا

آپ کی عارضی امدادی ایجنسی کو ہر دن اور ہر ہفتے میں ہر کلائنٹ کے کاروبار کے لیے آپ کے کام کے گھنٹوں کی تعداد ریکارڈ کرنا ہوگی۔ کسی کلائنٹ کے کاروبار کو بھی ہر دن اور ہر ہفتے میں اپنے لیے کئے گئے کام کے گھنٹوں کی تعداد ریکارڈ کرنا ہوگی۔

## چھٹی کا وقت اور ادائیگی

آپ کو چھٹی کے وقت اور چھٹی کی ادائیگی کا حق حاصل ہے۔ چھٹی کے وقت اور چھٹی کی ادائیگی کی مقدار اس بات پر منحصر ہوتی ہے کہ آپ نے اپنی عارضی امدادی ایجنسی کے لیے کتنے عرصے تک کام کیا ہے۔ اگر آپ نے اپنی عارضی امدادی ایجنسی کے لیے پانچ سال سے کم عرصہ تک کام کیا ہے، تو آپ ہر بارہ ماہ کی چھٹی کے مستحق سال کے بعد دو ہفتوں کی چھٹی اور آپ کی کل اجرت کی چار فیصد چھٹی کی ادائیگی کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ نے اپنی عارضی امدادی ایجنسی

کے لیے پانچ سال یا اس سے زیادہ عرصہ تک کام کیا ہے، تو آپ ہر بارہ ماہ کی چھٹی کے مستحق سال کے بعد تین ہفتوں کی چھٹی اور آپ کی کل اجرت کی چھ فیصد چھٹی کی ادائیگی کا حق حاصل ہے۔

عام طور پر، آپ کی عارضی امدادی ایجنسی کو آپ کے چھٹی لینے سے پہلے آپ کی چھٹی کی ادائیگی یک مشت کرنی ہوگی۔ تاہم، اگر آپ تحریری طور پر اتفاق کرتے ہیں تو آپ کی عارضی امدادی ایجنسی ہر تنخواہ کے چیک پر آپ کی چھٹی کی ادائیگی کر سکتی ہے۔

مثال کے طور پر: سید نے اپنی عارضی امدادی ایجنسی کے لیے تین سال کام کیا۔ وہ دو ہفتے کی چھٹی لے سکتا ہے اور چھٹیوں کی ادائیگی میں چار فیصد کما سکتا ہے۔ وہ ہر دو ہفتوں میں 1,500.00 ڈالر کماتا ہے۔ سید اور اس کی عارضی امدادی ایجنسی نے اتفاق کیا کہ ہر تنخواہ کے چیک پر اسے چھٹی کی ادائیگی کی جائے گی۔ سید کو ہر تنخواہ کے چیک پر چھٹی کی ادائیگی میں 60.00 ڈالر (1,500 ڈالرx4% ) ادا کیا جاتا ہے۔

چھٹی کے وقت اور چھٹی کی ادائیگی کے بارے میں مزید معلومات Ontario.ca/vacationحاصل کریں۔

## سرکاری چھٹیاں

اونٹاریو میں ہر سال نو سرکاری چھٹیاں ہوتی ہیں:

- نئے سال کا دن
- فیملی ڈے
- گڈ فرائیڈے
- وکٹوریہ ڈے
- کینیڈا ڈے
- لیبر ڈے
- یوم تشکر
- کرسمس ڈے
- باکسنگ ڈے

اگر آپ اسائنمنٹ پر ہیں اور آپ کے کسی کام کے دن پر سرکاری چھٹی ہوتی ہے، تو عام طور پر آپ کو کام سے سرکاری چھٹی لینے اور سرکاری چھٹی کی ادائیگی کیے جانے کا حق حاصل ہے۔

سرکاری چھٹی کی ادائیگی کا حساب لگانے کا ایک فارمولہ ہے:

- سرکاری چھٹی سے پہلے چار ہفتوں میں اپنی کمائی گئی مستقل اجرت اور تمام واجب الادا چھٹی کی ادائیگی کو جوڑیں
- ان تعداد کو 20 سے تقسیم کریں

مثال کے طور پر: جوزفہ اسائنمنٹ پر ہے اور ہر ہفتے 600 ڈالر کماتی ہے۔ وہ ہر تنخواہ کے چیک پر چھٹی کی ادائیگی کا 4% حاصل کرتی ہے۔ کینیڈا ڈے جوزفہ کے ایک کام کے دن پر آتا ہے۔ کینیڈا ڈے سے پہلے چار ہفتوں میں، جوزفہ کی مستقل اجرت 2,400 ڈالر (600 ڈالرx4 ) تھی۔ کینیڈا ڈے سے پہلے چار ہفتوں میں، جوزفہ کو واجب الادا چھٹی کی ادائیگی کی رقم 96 ڈالر (2,400 ڈالرx4% ) تھی۔ جوزفہ سرکاری چھٹی کی ادائیگی (2,496 ڈالر ÷ 20) میں 124.80 ڈالر ہے۔

اگر آپ اور آپ کی عارضی امدادی ایجنسی تحریری طور پر اتفاق کرتے ہیں تو آپ سرکاری چھٹی کے دن بھی کام کر سکتے ہیں۔ عام طور پر، اگر آپ سرکاری چھٹی کے دن کام کرتے ہیں، تو آپ کو سرکاری چھٹی کے دن کیے گئے آپ کے گھنٹوں کے لیے سرکاری چھٹی کے دن کی ادائیگی اور پریمیم ادائیگی کی جائے گی یا سرکاری چھٹی کے دن کیے گئے کام کے

Ontario

گھنٹوں کے لیے آپ کی مستقل اجرت دی جائے گی اور سرکاری چھٹی کے دن کی ادائیگی کے ساتھ ایک مختلف دن کی چھٹی لینی ہوگی۔

اگر آپ اسائنمنٹ پر ہیں اور کسی ایسے دن سرکاری چھٹی ہوتی ہے جو آپ کا کام کا دن نہیں ہے، تو عام طور پر آپ کو سرکاری چھٹی کے دن کی ادائیگی کے ساتھ متبادل دن چھٹی لینے کا حق حاصل ہے۔ آپ اور آپ کی عارضی امدادی ایجنسی تحریری طور پر اس بات سے بھی اتفاق کر سکتے ہیں کہ آپ کا آجر آپ کو صرف سرکاری چھٹی کے دن کی ادائیگی کرے گا۔

اگر آپ اسائنمنٹ پر نہیں ہیں جب سرکاری چھٹی کا دن آتا ہے، تو عام طور پر آپ کو صرف سرکاری چھٹی کے دن کی ادائیگی کا حق حاصل ہے۔

سرکاری چھٹیوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے Ontario.ca/publicholidays پر جائیں۔

## اسائنمنٹ کا خاتمہ

عام طور پر، اگر آپ کی عارضی امدادی ایجنسی کسی کلائنٹ کے کاروبار سے آپ کا اسائنمنٹ ختم کرنا چاہتی ہے، تو آپ کی عارضی امدادی ایجنسی کو اسائنمنٹ کے خاتمہ یا اسائنمنٹ کی ادائیگی کے خاتمہ کے بارے میں ایک ہفتے کی تحریری نوٹس دینی ہوگی اگر:

- آپ کو کسی کلائنٹ کے کاروبار میں کام کرنے کے لیے تفویض کیا گیا ہے
- جب آپ کو یہ اسائنمنٹ دی گئی تھی، تو اس کا منصوبہ تین ماہ یا اس سے زیادہ چلنے کا تھا
- اسائنمٹ کو منصوبہ بند اختتامی تاریخ سے پہلے ختم کیا جا رہا ہے۔

اسائنمنٹ کا خاتمہ ملازمت کے خاتمے سے مختلف ہے۔ اگرچہ آپ کی اسائنمنٹ ختم ہو سکتی ہے، پھر بھی آپ اپنی عارضی امدادی ایجنسی کے پاس برسر ملازمت ہیں۔

## ملازمت کا خاتمہ

بیشتر معاملات میں، اگر آپ کی عارضی امدادی ایجنسی آپ کی ملازمت کو ختم کرنا چاہتی ہے، تو آپ کے آجر کو لازمی طور پر آپ کو ملازمت کی برطرفی یا برطرفی کی ادائیگی کے لیے تحریری نوٹس دینا ہوگا۔ برطرفی کے نوٹس یا برطرفی کی ادائیگی کا حق حاصل کرنے کے لیے آپ کو کم از کم تین ماہ تک اپنے آجر کے لیے کام کرنا ہوگا۔

نوٹس یا ادائیگی کے مقدار کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ آپ نے اپنے آجر کے لیے کتنے عرصے تک کام کیا ہے۔

- ایک سال کی ملازمت سے کم: ایک ہفتہ
- ایک سال سے دو سال کی ملازمت: دو ہفتے
- تین سال کی ملازمت: تین ہفتے
- چار سال کی ملازمت: چار ہفتے
- پانچ سال کی ملازمت: پانچ ہفتے
- چھ سال کی ملازمت: چھ ہفتے
- سات سال کی ملازمت: سات ہفتے
- آٹھ یا اس سے زیادہ سال کی ملازمت: آٹھ ہفتے

مثال کے طور پر: لونا نے اپنی عارضی امدادی ایجنسی کے لیے 16 ماہ تک کام کیا۔ اس نے ہر ہفتے 800.00 ڈالر کمائے۔ اس کی عارضی امدادی ایجنسی کو اسے دو ہفتے کا معطلی کا نوٹس دینا یا معطلی کی ادائیگی کرنی ضروری ہے۔ اس کی عارضی

Ontario

امدادی ایجنسی نے اسے معطلی کی ادائیگی کرنے کا انتخاب کیا۔ اس کی عارضی امدادی ایجنسی کو اسے 1,600.00 ڈالر (800 ڈالر x2) ادا کرنی ہوگی۔

Ontario.ca/terminationofemployment پر مزید معلومات حاصل کریں یا اس بات کا حساب لگانے کے لیے Ontario.ca/ESAtools پر جائیں کہ آپ کو کتنی مدت ملازمت ختم ہونے کا نوٹس یا معطلی کی ادائیگی واجب الادا ہوگی۔

## آپ اپنے حقوق ترک کرنے پر راضی نہیں ہو سکتے ہیں

آپ ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے کسی بھی حقوق کو ترک کرنے کے لیے راضی یا کسی معاہدے پر دستخط نہیں کر سکتے ہیں۔ یہ معاہدے اور عہد نامے درست نہیں ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کسی معاہدے پر دستخط کرتے ہیں جس میں یہ کہتے ہیں کہ آپ کسی کلائنٹ کے کاروبار میں ملازمت نہیں لے سکتے ہیں، تو یہ معاہدہ درست نہیں ہوگا۔

## ای ایس اے (ESA) کے اپنے حقوق کے بارے میں پوچھنے یا انھیں استعمال کرنے پر آپ کو سزا نہیں دی جا سکتی ہے

اگر آپ ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں پوچھتے ہیں یا ان کا استعمال کرتے ہیں تو آپ کی عارضی امدادی ایجنسی یا کلائنٹ کا کاروبار کسی بھی طرح سے، بشمول آپ کا اسائنمٹ ختم کر کے، سزا نہیں دے سکتا ہے۔

## مزید معلومات یا دعوی دائر کرنے کے لیے

ای ایس اے (ESA) کے بارے میں مزید معلومات کے لیے Ontario.ca/ESAguideملاحظہ کریں۔

اگر ای ایس اے (ESA) کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں، تو آپ ملازمتی معیارات کے مرکز معلومات

(Employment Standards Information Centre) کو 416-326-7160 پر، ٹول فری 1-800-531-5551 پر یا TTY 1-866-567-8893 پر بھی کال کر سکتے ہیں۔ معلومات متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے حقوق موصول نہیں ہوئے ہیں، تو آپ Ontario.ca/ESAclaims پر وزارت محنت، تربیت و ہنر کے فروغ کے پاس دعوی دائر کر سکتے ہیں۔